دینیات (بچیوں کیلئے)

اس مکالمہ میں دو لڑکیاں ہوں گی، ایک مکتب کی اور دوسری اسکول کی جو اسکول عیسائیوں کے زیر اثر ہوگا۔

شبنم رشیدہ آپی السلام علیکم !

رشیدہ ارے واہ شبنم ! تُو تو بڑی مہذب بن گئی، اَب تو تُو سلام مارتی ہے

ش ارے آپی پہلے کم سے کم میرے سلام کا جواب تو دو، پتہ نہیں تمہاری میڈم سکھلاتی بھی یا نہیں ؟

ر ارے ہماری میڈم سلام ولام نہیں سکھاتی۔ ہماری میڈم تو ہلوگوں کو دنیا میں جینے کے لئے کیسا سلام کرنا چاہیئے، وہ سکھلاتی ہے، یعنی ہماری میڈم سکھلاتی ہے، صبح کو گڈ مورننگ کہو، شام کو گڈ ایوننگ کہو، اور رات کو گڈ نائٹ کہو، اور ہمیں ایک ہال میں بیٹھا کر اللہ سے ٹافی مانگنے کو کہتی ہیں، جب ہیں ملتا تو پھر یسوع مسیح سے مانگنے کو کہتی ہیں، اور جب ہلوگ مانگتے ہیں تو ڈھیر ساری ٹافی ملتی ہے۔

ش آپی۔ تم پر بہت افسوس ہوتا ہے کہ تم اسلام کی باتیں نہیں سیکھتی اور یہ الٹا سیدھا سیکھ رہی ہو...... ممی ٹھیک کہہ رہی تھی کہ تم رشیدہ آپی کی طرح مت بننا بلکہ دیندار بننا،

ر ارے چلو بڑی آئی ہے دیندار بننے والی، اس میں کیا ملے گا!

Scanned by CamScann

دیکھو جب ہم لوگ پڑھ لیں گے تو اچھی نوکری ملے گی، ٹھاٹ سے زندگی
گذرے گی، جیسے میری امی نوکری کرتی ہے ویسے ہی میں بھی نوکری
کروں گی، پیسے کماؤں گی، عیش کروں گی،

ش آپی، تم صرف دنیا کو دیکھ رہی ہو، ذرا دین کو بھی دیکھو، ہم لوگ
مسلمان ہیں، ہماری استانی جی کہتی ہیں کہ مسلمانوں کو پہلے تھوڑا بہت دین
کی تعلیم سیکھنا فرض ہے۔

ر دیکھو شبو! یہ پرانی باتیں ہیں، ان باتوں میں کوئی جان نہیں ہے

ش آپی کیسے جان نہیں ہے! اگر دین کی تعلیم نہ ہو تو آدمی اندھوں
کی طرح ہوتا ہے، ہمیں اپنے اندرونی مسئلہ کی بھی جانکاری نہیں ہوگی
اور ہمارے اندر کی حیا ختم بھی ہو سکتی ہے، جو ہمارا سب سے قیمتی زیور ہے
ہماری استانی یہی بتاتی ہیں۔

ر تمہاری استانی جاہل ہے۔ آج کل اسکول میں پڑھنا اچھا ہے،
وہاں مزہ آتا ہے، اور ایک بات بتاؤں...... نہیں، نہیں بتاؤں گی۔
(ذرا سوچنے کے انداز میں رک کر)

ش ارے آپی میں سمجھ گئی، یہی تو تمہاری غلطی ہے، آپی یہ بے حیائی
ہے، اس کو پتہ نہیں کیسے تم اچھا سمجھتی ہو، چھی چھی.....

ر ارے خالی میں ہی ایسی تھوڑی ہی ہوں، ممی جس آفس میں کام کرتی ہیں
وہاں بھی میں نے ایسا ہی دیکھا ہے۔ لوگ ممی کو دیکھتے ہیں، ہنستے ہیں،
مسکراتے ہیں،

ش دیکھو آپی۔ ہماری کتاب میں لکھا ہے کہ غیروں کی طرف دیکھنا بھی
گناہ ہے۔

ایک مرتبہ کی بات ہے کہ رسول اللہ ﷺ کی بیویاں آپ ﷺ کے پاس بیٹھی تھیں، اتنے میں حضرت عبداللہ ابن امِ مکتوم نابینا آ گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا۔ تم لوگ پردے میں ہو جاؤ، تو ایک بیوی نے کہا۔ یارسول اللہ ﷺ! یہ تو نہیں دیکھ نہیں سکتے تو پھر کیا حرج ہے؟ اس پر آپ ﷺ نے فرمایا۔ تم لوگ تو اندھی نہیں ہو، اب خود سوچو یہ حدیث ہے۔

ر ارے چھوڑو بھی۔ تھوڑا بہت تو ہم لوگ بھی دین جانتے ہیں، اس سے کام چل جائے گا۔

ش اچھا آپی پہلا کلمہ سناؤ تب سمجھوں گی کہ کچھ آتا بھی ہے۔

ر پہلا کلمہ۔ کلمہ شہادت لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ (جماہی کے انداز میں)

ش ارے آپی یہ تو غضب ہو جائے گا، آپ نے غلط پڑھ دیا، کلمہ شہادت نہیں، بلکہ کلمہ طیب۔ اور صحیح کلمہ اس طرح ہے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ۔

ر ارے واہ؛ تم تو اب میری بھی غلطی نکالنے لگی؟

ش اور (کھینچ کر) جب غلطی کرو گی تو نکلے گی ہی۔ اچھا یہ بتاؤ ہمارے نبی کا نام کیا تھا؟ ان کی ماں کا نام کیا تھا؟ ان کو کس نے دودھ پلایا تھا؟ اور آپ کی سب سے پیاری بیوی کون تھیں؟ اور کیوں تھیں؟

ر دیکھو بہن میں تو یہ سب نہیں جانتی۔ میں تو اسکول میں پڑھتی ہوں، وہاں یورپ وال کی پڑھائی پڑھائی جاتی ہے، اور اسی لئے شاید ہم لوگ غلطی کر جاتے ہیں، بھٹک جاتے ہیں۔

ش بالکل بالکل، تم نے آپی صحیح کہا، ہماری استانی نے ایک شعر سنایا تھا

شعر سکھائے ہیں محبت کے عجب انداز مغرب نے
حیا سر پیٹتی ہے، عصمتیں فریاد کرتی ہیں

اور سنو! اب میں بتاتی ہوں، ہمارے رسول کا نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے ان کی ماں کا نام بی بی آمنہ ہے، ان کو دائی حلیمہ نے دودھ پلایا، اور آپؐ کی سب سے پیاری بیوی حضرت عائشہؓ تھیں جو ابوبکرؓ کی بیٹی تھیں، پیاری ہونے کی کئی وجہ تھی، جن میں سے ایک خاص بات یہ تھی کہ وہ بہت وفادار، ذہین اور خدمت گذار تھیں۔
اچھا آپی آپ کو کچھ پکانا آتا ہے۔

ر کمال کرتی ہو۔ ممی کو تو ٹھیک سے پکانا ہی نہیں آتا تو بھلا مجھے کیسے آئے گا؟ وہ تو بس مجھ کو فلم دکھاتی ہے اور پارکوں میں تفریح کراتی ہے، اور لڑکے لوگ ......

ش بس کرو۔ میں سمجھ گئی، کہنے کی ضرورت نہیں۔ دیکھو ہماری استانی ہمیں دین کی باتیں سکھاتی ہیں، اور چائے بنانا سکھاتی ہیں، کھانا پکانا .... سکھاتی ہیں، وہ کہتی ہیں کہ اچھی بیوی وہی لڑکی بن سکتی ہے جس میں اچھے اخلاق کے ساتھ ساتھ دین کا علم ہو، اور کھانا پکانا بھی جانتی ہو۔

ر تم صحیح کہتی ہو بہن! مجھے بھی افسوس ہے کہ پتا نہیں ممی پاپا نے مجھے کہاں رکھ رکھا ہے، مجھے سوائے انگریزی پڑھنے اور بولنے کے کچھ بھی تو نہیں آتا، اور تم تو ماشاء اللہ۔ بہت کچھ اپنے دین کے بارے میں جانتی ہو۔ اچھا، تمہیں پھول بھی بنانا آتا ہے؟

ش ہاں ہاں، ہمیں وہ بھی سکھایا جاتا ہے، ہمیں یہ بھی بتلایا جاتا ہے کہ عورت کو گھر میں کس طرح رہنا چاہیئے، کس طرح خدمت کرنی چاہیئے۔

ر اچھا، کل سے میں بھی تمہارے ساتھ پڑھنے جاؤں گی، چاہے ممی پاپا مجھے کتنا ہی ماریں۔

ش ہم لوگ پہلے ابّو سے بات کرتے ہیں وہ کوئی حل نکال دیں گے، چلو چلتے ہیں۔ (پھر وہ دونوں وہاں سے چلی جائیں گی)